بیٹھ کر پیشاب کیا جائے

وَعَنْ عُمَرَ قَالَ رَاٰنِیْ النَّبِیُّ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَاَنَا اَبُوْلُ قَائِمًا فَقَالَ یَا عُمَرُ لَا تَبُلْ قَائِمًا فَمَا بُلْتُ قَائِمًا بَعْدُ رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَابْنُ مَاجَۃَ قَالَ الشَّیْخُ الْاِمَامُ مُحْیِ السُّنَّۃِ رَحِمَہُ اللّٰہُ قَدْ صَحَّ عَنْ حُذَیْفَۃَ قَالَ اَتَی النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ سُبَاطَۃَ قَوْمٍ فَبَالَ قَائِمًا. مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ، قِیْلَ کَانَ ذٰلِكَ لِعُذْرٍ.

’’حضرت عمرؓ فرماتے ہیں، مجھے آنحضرت نے دیکھا میں کھڑے ہوکر پیشاب کررہا تھا آپ نے فرمایا: عمر کھڑے ہوکر پیشاب مت کرو میں نے اس کے بعد کبھی کھڑے ہوکر پیشاب نہیں کیا۔ ترمذی، ابن ماجہ امام محی السنہ فرماتے ہیں، حضرت حذیفہ سے صحیح سند کے ساتھ مروی ہے کہ آنحضرت ﷺ ایک قوم کے کوڑے کی جگہ کے پاس آئے اور آپ نے کھڑے ہوکر پیشاب کیا۔ بخاری مسلم کہا گیا ہے یہ عذر کی وجہ سے تھا۔‘‘

فائدہ: نبی اکرم ﷺ کی اکثر عادت مبارک یہی تھی کہ آپ بیٹھ کر پیشاب کیا کرتے تھے اور وہ جو حضرت حذیفہؓ کی حدیث میں ہے کہ میں نے آنحضرت کو ایک قوم کے گھورے پر کھڑے ہوکر پیشاب کرتے دیکھا ہے وہ عذر کی وجہ سے تھا اور عذر بھی دوہرا تھا ایک تو یہ کہ آپ کے گھٹنے کے نیچے پھوڑا تھا اور بیٹھنے سے معذور تھے۔ دوسرا یہ کہ بارش ہوچکی تھی اور نیچے گندگی پھیلی ہوئی تھی آپ بیٹھ نہ سکے تو کھڑے ہوکر پیشاب کرلیا۔ بہرحال اصول یہی ہے کہ پیشاب بیٹھ کر کیا جائے کوئی عذر ہوتو الگ بات ہے۔

دین کے بنیادی اصول ۴۸

اصول نمبر 48:...... وَقَوْلُهٗ:((لَا تَرْجِعُوْا بَعْدِیْ کُفَّارًا ضُلَّالًا یَضْرِبُ بَعْضُکُمْ رِقَابَ بَعْضٍ)) وَمِثْلُ: ((اِذَا الْتَقَی الْمُسْلِمَانِ بِسَیْفَیْهِمَا فَالْقَاتِلُ وَالْمَقْتُوْلُ فِی النَّارِ)) وَمِثْلُ:((سِبَابُ الْمُسْلِمِ فُسُوْقٌ وَقِتَالُهٗ کُفْرٌ)) وَمِثْلُ:((مَنْ قَالَ لِاَخِیْهِ یَا کَافِرُ فَقَدْ بَآءَ بِهَا اَحَدُهُمَا)) وَمِثْلُ:((کُفْرٌ بِاللّٰهِ تَبَرُّؤٌ مِنْ نَسَبٍ وَاِنْ دَقَّ)) وَنَحْوُ هٰذِهِ الْاَحَادِیْثِ مِمَّا قَدْ صَحَّ وَحُفِظَ، فَاِنَّا نُسَلِّمُ لَهٗ، وَاِنْ لَمْ نَعْلَمْ تَفْسِیْرَهَا وَلَا نَتَکَلَّمُ فِیْهَا، وَلَا نُجَادِلُ فِیْهَا،وَلَا نُفَسِّرُ هٰذِهِ الْاَحَادِیْثَ اِلَّا مِثْلَ مَا جَآءَتْ لَا نَرُدُّهَا اِلَّا بِاَحَقِّ مِّنْهَا۔

''آپ ﷺ کا فرمان ہے:''تم میرے بعد کافر گمراہ نہ ہو جانا، کہ ایک دوسرے کی گردنیں اڑانے لگو۔''[صحیح بخاری: ۱۲۱۔ صحیح مسلم: ۱۶۷۹]مزید یہ:''جب دو مسلمان تلواریں لے کر ایک دوسرے کے مقابل آ جائیں تو قتل کرنے والا اور قتل ہونے والا دونوں آگ میں ہوں گے۔''[صحیح بخاری: ۳۱۔ صحیح مسلم: ۲۸۸۸] مزید یہ:''مسلمان کو گالی دینا فسق اور اس سے لڑنا کفر ہے۔''[صحیح بخاری: ۴۸۔ صحیح مسلم: ۶۴]مزید یہ:''جس نے اپنے بھائی کو کافر کہہ کر بلایا تو اس صفت سے ان دونوں میں سے کوئی ایک ضرور متصف ہو گا۔''[صحیح بخاری: ۶۱۰۴۔ صحیح مسلم: ۶۰]مزید یہ:''نسب کا انکار گو معمولی ہو اللہ تعالیٰ سے کفر کے برابر ہے۔''[مسند احمد جلد۲/ ۲۱۵]

اس قسم کی دوسری احادیث جو صحیح اور محفوظ ہیں، ہم انہیں تسلیم کرتے ہیں اگر چہ ان کی تفسیر نہ جانتے ہوں، ان کے متعلق گفتگو کرتے ہیں نہ اس مسئلے میں جھگڑا کرتے ہیں۔ ان کی تفسیر وہی کرتے ہیں جیسے منقول ہیں۔ہم انہیں لائق و مناسب طریقے سے ہی بیان کرتے ہیں۔

شرح :یہ احادیث خارجیوں کی دلیل ہیں کہ ایسے نافرمان کافر ہیں، ان کا مؤقف ہے کہ کبیرہ گناہ مسلمان کو ملتِ اسلامیہ سے خارج کر کے کفر میں داخل کر دیتا ہے۔ اسی طرح وہ گناہگاروں بالخصوص کبائر کے مرتکب لوگوں کے متعلق کہتے ہیں کہ یہ ہمیشہ آگ میں رہیں گے، دلیل میں درج بالا احادیث ذکر کرتے ہیں۔

یہ بات معلوم ہے کہ یہ عادتیں انسان کو ملت اسلامیہ سے خارج نہیں کرتیں، مثلاً وعدہ خلافی ملت اسلامیہ سے خارج کرنے والا جرم نہیں، یہ واضح نفاق یعنی اعتقادی نفاق نہیں جو ملت اسلامیہ سے خارج کرتا ہو۔ اسی طرح خیانت وغیرہ ہیں، لیکن یہ صرف کبیرہ گناہ ہیں۔

جو شخص اس قسم کے دلائل کتاب و سنت سے پیش کرے تو ہم کہیں گے: ہم انہیں قبول کرتے ہیں لیکن یہ مسلمان کو اسلام سے خارج نہیں کرتے کہ ایسا کرنے سے وہ مسلمان نہ رہے، بلکہ اس کا معاملہ اللہ تعالیٰ کی طرف ہے۔ آخر الذکر دونوں احادیث وعید سے تعلق رکھتی ہیں۔

فہرست

پہلی امتیں اور ہم ......ایک جائزہ

اداریہ حافظ احمد شاکر

علمائے تفسیر نے قرآن کریم کو تین موضوعات میں تقسیم کیا ہے: عقائد، احکام، اور پہلی امتوں کا تذکرہ۔

پہلی امتوں کے تذکرے میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کا تذکرہ مختلف مقامات پر مختلف پہلوؤں سے کیا گیا ہے۔ انہی کے ذکر کے ساتھ ساتھ نمرود کا بھی اجمالی تذکرہ ہے۔ آپ کے فرزند ارجمند حضرت اسماعیل علیہ السلام کے تذکرے کے ساتھ ساتھ دیگر انبیائے بنی اسرائیل کا تذکرہ بھی صرف ناموں کی حد تک آیا ہے۔ اسی طرح حضرت نوح علیہ السلام کا اپنی قوم کو دعوت توحید دینا، قوم کا انکار، استہزاء، ہٹ دھرمی اور قوم کا بار بار عذاب طلب کرنا، ان کی اہلیہ اور بیٹے کی نافرمانی پھر عذاب کی تفصیلات سب کچھ قرآن میں مذکور ہے۔ اسی طرح حضرت ہود، حضرت صالح، حضرت لوط اور حضرت شعیب علیہم السلام کی قوموں کا تذکرہ، ان کی نافرمانیاں، سرکشیاں اور ان پر نازل کردہ عذابوں کا تذکرہ قرآن مجید نے بالتفصیل اس لیے بیان کیا ہے تا کہ امت محمدیہ علی صاحبہا الصلوٰۃ والسلام اس سے عبرت پکڑے۔

قوم عاد معاشرتی اور تمدنی ترقی کے نقطۂ عروج پر تھی۔ قوم ثمود فنِ تعمیر میں یکتا تھی۔ بلکہ شاید اب تک وہ عدیم النظیر ہیں کہ انہوں نے پہاڑ تراش کر رہائش گاہیں بنائیں۔ اب بھی سعودی عرب کے شہر تبوک کے علاقہ میں مدائن صالح ...... حضرت صالح کی بستیاں ...... کے نام سے معروف علاقہ ہے۔ نبی ﷺ کے ارشاد کے مطابق ان بستیوں کا نظارہ یا سیر کرنے کی ممانعت اس لیے کی گئی ہے کہ آپ نے فرمایا ان بستیوں پر اللہ تعالیٰ کا عذاب نازل ہوا تھا، ان سے جلد جلد گزر جایا کرو۔

قرآنِ حکیم میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کا تذکرہ بہت تفصیل کے ساتھ اور بار بار ہے۔ حضرت موسیٰ کے ذکر کے ضمن میں بحیثیت فرد قارون اور فرعون کا تذکرہ بہت نمایاں ہے۔ قارون تو مال و دولت کی کثرت کے سبب طغیان وعدوان میں مبتلا ہوگیا تھا اور وہ اللہ تعالیٰ کی سب نعمتوں کو اپنے علم وصلاحیت کا مرہون قرار دیتا تھا اور فرعون دعوائے خدائی کر کے نخوت وتکبر کی انتہا تک پہنچ گیا تھا۔ سورۂ قصص کی آیت نمبر ۳۸ میں اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے اس کا یہ قول نقل کیا کہ اس نے کہا:

''اور فرعون نے کہا کہ اے اہل دربار میں تمہارا اپنے سوا کسی کو خدا نہیں جانتا تو ہامان میرے لیے گارے کو آگ لگا کر (اینٹیں پکا دو) محل بنا دو تا کہ میں موسیٰ کے خدا کی طرف چڑھ جاؤں اور میں تو اس ...... موسیٰ ...... کو جھوٹا سمجھتا ہوں۔''

اسی طرح سورۃ المومن کی آیت نمبر ۲۶ میں اس نے یہ بدگوئی کی:

''اور فرعون بولا کہ مجھے چھوڑو میں موسیٰ کو قتل کردوں اور وہ اپنے پروردگار کو بلالے، مجھے ڈر ہے کہ وہ (کہیں) تمہارے دین کو (نہ) بدل دے یا ملک میں فساد (نہ) پیدا کردے۔'' اسی طرح سورۂ زخرف کی آیات ۵۱، ۵۲ میں اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے اس کی یہ یاوہ گوئی نقل کی:

''اور فرعون نے اپنی قوم کو پکار کر کہا کہ اے قوم کیا مصر کی حکومت میرے ہاتھ میں نہیں ہے اور یہ نہریں جو میرے (محلوں کے) نیچے بہہ رہی ہیں کیا (میری نہیں ہیں) کیا تم دیکھتے نہیں، بے شک میں اس شخص سے جو کچھ عزت نہیں رکھتا اور صاف گفتگو بھی نہیں کر سکتا کہیں بہتر ہوں۔''

قرآنِ حکیم میں پہلی امتوں کے تذکروں کی روشنی میں آیئے ہم اپنے آج کے حالات کا جائزہ لیں اور دیکھیں کہ ان تباہ شدہ اقوام وملل کی کون کون سی بد عادات ہم میں موجود نہیں۔

⊙ دعوت توحید دینے کی پاداش میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کو اپنا گھر بار، عزیز واقرباء کو چھوڑنا پڑا تھا اور کیا نمرود نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو زندہ جلانے کی کوشش نہیں کی تھی؟ کیا ہمارے ملک میں ...... بم دھماکوں اور خودکش حملوں کے ذریعے ...... انسان زندہ نہیں جل رہے؟ کیا اس کے خلاف کسی حکمران نے کوئی مؤثر حکمت عملی اپنائی؟ اگر کوئی اپنائی گئی ہو تو کم از کم ہمارے یعنی میڈیا کے علم میں نہیں یا اگر ہوتی تو کم از کم حوادث رک جانے کی صورت میں کوئی

مثبت ردّعمل سامنے ضرور آ تا۔

⊙ حضرت نوح علیہ السلام ۹۵۰ سال تک اپنی قوم کواللہ تعالیٰ کا پیغام سناتے اور پہنچاتے رہے۔لیکن اس قوم نے نہ صرف دعوت قبول نہیں کی بلکہ حضرت کا...... معاذ اللہ...... مذاق بھی اڑاتے رہے کیاوطن عزیز میں بار بار کے سیلابوں پر کبھی ہم نے اس نہج پرغور کیا کہ ہم اہل دین ،طلبائے دین اورعلمائے دین کے استہزااور عدم احترام کے مرتکب نہیں ہوتے ؟

⊙ قوم عادنے جب تکبر کااظہار کیا......جس کا ذکر سورۃ حم السجدۃ میں ہے......کہ ہم سے زیادہ طاقتور کون ہے تواللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ جس نے تم کو پیدا کیا کیا وہ تم سے زیادہ طاقتور نہیں؟ کیااب امریکااوراس کے دم چھلے اپنی طاقت پر جس طرح گھمنڈ کرتے اور نا قابل شکست ہونا بیان کرتے ہیں کیااس رویے کوقوم عاد کے وطیرے کی پیروی نہیں کہا جاسکتا؟اور دنیا کےمختلف ساحلوں میں جوسونامی اٹھتے ہیں کیا وہ اللہ کا عذاب نہیں؟

⊙ قوم ثمودفن تعمیر میں جس کمال کو پہنچی تھی دور حاضر میں فن تعمیر جس طرح روبہ ترقی ہے یہ ساری ترقیاں قوم ثمود کے کمال تک ابھی نہیں پہنچیں لیکن ہمارے دعوے کہ اس بلڈنگ اوراس پلازے کی تعمیر اس قدر مضبوط ہے کہ اس میں زلزلہ بھی موَثر نہ ہوگا؟ لاحول ولاقوۃ الاباللہ۔ایسی خوبی کواللہ سبحانہ وتعالیٰ کافضل تسلیم کیے بغیراپنےفنی گھمنڈ کہا جانا؟ اس قوم کا کیاحشر ہوا؟ قرآن مجید کا مطالعہ کریں کہ اللہ تعالیٰ کی جب پکڑ آئی تو ایک چنگھاڑ ہی نے سب کچھ نیست و نابود کردیا۔

⊙ قوم لوط کے اعمال کے ذکر ہی سے گھن آتی ہے۔انٹرنیٹ اورمختلف ٹی وی چینلز کے ذریعے کون سی قباحت اور غلاظت ہے جو ہمارے گھروں تک نہیں پہنچی؟ ہمارے ملجاء وماٰویٰ امریکا کی فوج میں ہم جنس پرستی کی اجازت! شاید استحقاق عذاب کے لیے دی گئی ہے۔اعاذنا اللہ منہ

⊙ قوم شعیب کی عادت تھی کہ لینے کے باٹ مختلف اور دینے کے مختلف! عالمی طور پرتو یہ مختلف ہیں ہی لیکن ہمارے ہاں تاجروں کا رویہ،حکومت کاعوام سے معاملہ،خصوصاً توانائی اورایندھن کے بارے میں،اورسیاست میں سوداگری؟ کیاان سب شعبوں میں ہماراطریق اسلامی ہے؟ اس قوم نے جب عذاب طلب کیا تواللہ تعالیٰ نے ان کوذلت ناک عذاب سے دوچار کردیا۔

⊙ قارون کوجب اللہ تعالیٰ نے تفریح......یعنی عیش وعشرت......سے منع فرمایااوراس کوآخرت کی طرف توجہ دلائی تو اس نے کہا کہ یہ سب کچھ......مال وزر ......میری صلاحیت کے باعث ہے۔تواللہ تعالیٰ نے اس کوایک دردناک عذاب میں مبتلا کردیا۔ہمارے حکمرانوں اوراداروں کے سربراہوں میں سے ہرکوئی اپنی تمام خوبیوں کی نسبت اپنی ذات کی طرف نہیں کرتا!

⊙ نبوت چوں کہ حضرت اسحاق علیہ السلام کی اولاد میں جاری وساری تھی اس لیے فرعون کو جب اس کے نجومیوں نے اس کی بادشاہت کے لیے بنی اسرائیل میں پیدا ہونے والے بچے کوخطرہ قرار دیا تو فرعون نے بنی اسرائیل میں پیدا ہونے والے ہر بچے کےقتل کاحکم جاری کردیا۔لیکن صاحب کُنْ نے جب کُنْ فرما کر حضرت موسیٰ کی نہ صرف زندگی بچائی بلکہ فرعون کے گھر ہی میں موسیٰ کی پرورش کاانتظام فرمادیا تو تدبیرکنند بندہ تقدیرکنند خندہ کا محاورہ اس پرایسا صادق آیا کہ رہتی دنیا تک باقی رہے گا۔

قرآنِ مجید میں مذکورہ بالا تین مقامات میں فرعون کا یہ......معاذ اللہ......طنز کہ ہامان میرے گارے کوآگ لگاؤ،اینٹیں بناؤ پھرایک محل بنادوتا کہ میں موسیٰ کے رب کی طرف چڑھ جاؤں اور بے شک میں اس کوجھوٹا سمجھتاہوں یااس کا یہ کہنا کہ میں......فرعون......موسیٰ کوقتل کرتا ہوں وہ اپنے ربّ کو بلالے اور پھرآخری آیات میں حضرت موسیٰ علیہ السلام پرخودکوترجیح دیتے ہوئے اس کا کہنا کہ'' کیا میری مصر کی حکومت نہیں اور یہ میرے......محلوں......کے نیچے جاری نہریں کیا تم دیکھ نہیں رہے کہ میں بہتر ہوں یا یہ کم عزت والا......موسیٰ......جو......لکنت کے سبب......بات بھی واضح نہیں کرسکتا۔اس موضوع کوسمیٹتے ہوئے آخر میں اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے فرمایا''پس جب وہ غصے میں لائے ہم کو،بدلہ لیا ہم نے ان سے پس ڈبویا ہم نے ان سب کو۔'' خاکم بدہن کہیں ایسا نہ ہو کہ ہمارے اطوار سے بھی وہ غصہ میں آجائے۔

ان آیات کوسامنے رکھ کر دور حاضر کے عالمی وغیر عالمی فراعین وطواغیت کا انداز گفتگو،طریقہ اظہارِقوت پرغور کریں تو عین الیقین آجاتا اورحق الیقین ہوجاتا ہے کہ واقعی اللہ تعالیٰ کی رحمت ہر چیز سے وسیع اور تمام مخلوق کا احاطہ کیے ہوئے ہے۔کیوں کہ آنچہ ''عیاں'' ہمہ دانداور'' ہم'' تنہا داری کی انتہا تک پہنچ چکے ہیں۔لیکن وہ ذات کریم ورحیم اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے کیے اس وعدے کونبھا رہی ہے کہ میں تیری امت کواجتماعی طور پرسزادیتے ہوئے نیست و نابود نہیں کروں گا۔

درس قرآن

قسط نمبر ㉒

تفسیر سورۂ ق

مولانا ارشاد الحق اثری حفظہ اللہ

﴿ مَنْ خَشِيَ الرَّحْمٰنَ بِالْغَيْبِ وَجَآءَ بِقَلْبٍ مُّنِيبٍ ﴾

''جو بغیر دیکھے رحمان سے ڈرا اور حاضر ہوا متوجہ رہنے والے دل سے۔'' [ق : ۳۳]

جنت میں جانے والوں کا یہ تیسرا وصف ان جہنمیوں کے برعکس ہے، جو قیامت کے بارے میں شک وریب کا شکار رہے اور اللہ سے بےخوف زندگی گزاری۔ مگر ایک مومن صادق، اللہ تعالیٰ کو بن دیکھے اور قیامت پر یقین رکھتے ہوئے، اللہ سے ڈرتا رہا، اور وفا شعار زندگی گزاری، بلکہ مومن ومتقی کا تو بنیادی اور پہلا وصف ہی یہ ہے کہ وہ ﴿يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ﴾ [البقرۃ : ۳] غیب پر ایمان رکھتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ ہوں، فرشتے ہوں، اللہ کے انبیاء اور اللہ کی کتابیں ہوں، قیامت ہو، جنت ودوزخ ہو، عذابِ قبر ہو، تقدیر کا مسئلہ ہو ہر ایک پر اصلاً ایمان بالغیب ہے، ایک کافر کا تو قیامت پر یقین نہیں اس کی آنکھیں تب کھلیں گی جب آنکھوں سے قیامت کو دیکھ لے گا۔

[ق : ۲۲]

اسے ''علم یقین'' تب حاصل ہوگا جب وہ آنکھ سے جہنم کو دیکھ لے گا۔ [التکاثر : ۷] مگر مومن کو اس کا پہلے ہی یقین تھا اور اس سے ہمیشہ خوف کھاتا تھا۔ ''رحمٰن کو بن دیکھے ڈرنا'' یعنی نظر آنے والے انجام اور قوت وطاقت رکھنے والوں کے خوف سے زیادہ ''رحمٰن'' سے ڈرنا۔

یہاں چند باتیں قابل غور ہیں۔

۱: ''ڈر'' کے لیے لفظ ''خشی'' استعمال ہوا ہے، یہ اس خوف اور ڈر کو کہتے ہیں جو کسی کی عظمت کی وجہ سے طاری ہو جائے اور یہ کیفیت عام طور پر اس چیز کا علم ہونے سے ہوتی ہے جس سے انسان ڈرتا ہے، یہی وجہ ہے اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے:

﴿ إِنَّمَا يَخْشَى اللّٰهَ مِنْ عِبَادِهِ الْعُلَمٰٓؤُا ﴾ [فاطر : ۲۸]

''اللہ سے اس کے بندوں میں سے وہی ڈرتے ہیں جو صاحب علم ہیں۔''

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

أَمَا وَاللّٰهِ إِنِّيْ لَأَخْشَاكُمْ لِلّٰهِ وَأَتْقَاكُمْ لَهُ .

''خبردار اللہ کی قسم! میں تم سے زیادہ اللہ سے ڈرتا ہوں اور تم سے زیادہ پرہیزگار ہوں۔'' [بخاری : ۵۰۶۳]

آپ نے فرمایا:

لَوْ تَعْلَمُوْنَ مَا أَعْلَمُ لَضَحِكْتُمْ قَلِيْلًا وَلَبَكَيْتُمْ كَثِيْرًا . [بخاری : ۶۴۸۵]

''جو کچھ میں جانتا ہوں اگر تم جان لو تو تم کم ہنسو اور زیادہ روؤ۔''

ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

﴿ لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ لَّرَاَيْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ﴾ [الحشر : ۲۱]

''اگر ہم یہ قرآن کسی پہاڑ پر نازل کرتے تو دیکھتے کہ وہ اللہ کے ڈر سے دبا جا رہا ہے اور پھٹا پڑتا ہے۔''

پہاڑ کا یہ خوف اس کے ضعف اور کمزوری کی وجہ سے نہیں، بلکہ اس کا یہ خوف اللہ کی عظمت وکبریائی کے احساس سے ہے۔ اسی طرح فرشتوں کے بارے میں فرمایا:

﴿ وَهُمْ مِّنْ خَشْيَتِهٖ مُشْفِقُوْنَ ﴾ [الانبیاء : ۲۸]

''اور وہ اس کے ڈر سے خوف کھاتے ہیں۔''

فرشتوں کا یہ ڈر بھی اللہ تعالیٰ کی عظمت وجلال کی بنا پر ہے ان کی کمزوری اور ضعف کے احساس سے نہیں۔

''ڈر'' کے لیے ایک لفظ ''خوف'' ہے۔ اس کا استعمال ایسے ڈر کے لیے ہوتا ہے جو کسی طاقت ور اور صاحب اختیار کے مقابلے میں اپنی ناتوانی اور کمزوری کے احساس میں پیدا ہوتا ہے، اور ''الخوف'' کے اصل معنی ہیں قرائن وشواہد سے کسی آنے والے خطرہ کا اندیشہ کرنا، خوف کی ضد امن ہے۔ اور یہ دنیوی اور اخروی دونوں کے لیے ہے۔ حافظ ابن قیم رحمہ اللہ نے مدارج السالکین جلد اوّل کے آخر میں خشیت، خوف، وجل، رہبہ کے فرق پر بڑی نفیس بحث کی ہے جو ہمارا موضوع نہیں۔ نیز اس کے لیے علامہ مجد الدین رحمہ اللہ فیروز آبادی کی بصائر ذوی التمییز بھی ملاحظہ فرمائیں۔

ہمارا مقصود یہ ہے کہ یہاں ''خوف'' کی بجائے ''خشی'' کا لفظ آیا ہے جس میں اس بات کی طرف اشارہ مقصود ہے کہ اللہ کا ڈر مومن کے دل میں اللہ کی سرزنش، اس کے عذاب اور سزا کے خوف سے ہی نہیں، بلکہ اللہ کی عظمت وجلال کی ہیبت کی بنا پر طاری رہتا ہے۔ خشیت، خوف سے خاص اور خواص کا عمل ہے۔ خوف مقصود بالذات نہیں، بلکہ وسیلہ عمل ہے اور جب مومن جنت میں چلا جائے گا تو ﴿وَ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَ لَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴾[البقرة: ۱۱۲] ان پر کوئی خوف ہوگا اور نہ انہیں کوئی ملال ہوگا۔ مگر اللہ کی عظمت کی ہیبت اور اس کے جلال کا احساس تو ہمیشہ رہے گا اور رہنا بھی چاہیے۔ بھلائیوں اور نیکیوں میں سبقت لے جانے والوں کا ذکر کرتے ہوئے اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے فرمایا ہے کہ

﴿اِنَّ الَّذِيْنَ هُمْ مِنْ خَشْيَةِ رَبِّهِمْ مُشْفِقُوْنَ o وَالَّذِيْنَ هُمْ بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ يُؤْمِنُوْنَ o وَالَّذِيْنَ هُمْ بِرَبِّهِمْ لَا يُشْرِكُوْنَ o وَالَّذِيْنَ يُؤْتُوْنَ مَا آتَوا وَّقُلُوْبُهُمْ وَجِلَةٌ اَنَّهُمْ اِلٰى رَبِّهِمْ رٰجِعُوْنَ o اُولٰٓئِكَ يُسٰرِعُوْنَ فِى الْخَيْرٰتِ وَهُمْ لَهَا سٰبِقُوْنَ o ﴾ [المؤمنون: ۵۷-۶۱]

''وہ جو اپنے اللہ کی خشیت سے ڈرتے ہیں، جو اپنے رب کی آیات پر ایمان لاتے ہیں، جو اپنے ربّ کے ساتھ کسی کو شریک نہیں کرتے اور ان کا حال یہ ہے کہ وہ جو کچھ بھی دیتے ہیں ان کے دل اس خیال سے کانپتے رہتے ہیں کہ ہمیں اپنے ربّ کی طرف پلٹنا ہے وہی نیکیوں میں جلدی کرتے ہیں اور ان کے حصول میں سبقت کرتے ہیں۔''

جامع ترمذی میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا اے اللہ کے رسول! اللہ کے فرمان کہ ''وہ جو کچھ بھی دیتے ہیں اور ان کے دل ڈرتے ہیں'' سے وہ لوگ مراد ہیں جو چوری، زنا کرتے اور شراب پیتے ہیں اور وہ اللہ سے بھی ڈرتے ہیں؟ آپ نے فرمایا:

لَا يَابِنْتَ الصِّدِّيْقِ، وَلٰكِنَّهُ الَّذِيْ يُصَلِّيْ وَيَصُوْمُ وَيَتَصَدَّقُ وَهُوَ يَخَافُ اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ.

[مسند احمد، ج: ٦، ص: ۱۵۹، ۲۰۵]

''نہیں اے ابوبکر صدیق کی بیٹی! بلکہ وہ مراد ہے جو نماز پڑھتا ہے، روزہ رکھتا ہے، صدقہ کرتا ہے اور اللہ جل جلالہ سے ڈرتا ہے۔''

ایک اور مقام پر فرمایا:

﴿وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَيَخْشَ اللّٰهَ وَيَتَّقْهِ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ ﴾ [النور: ۵۲]

''کامیابی وکامرانی پانے والے وہ ہیں جو اللہ اور اس کے رسول کی فرمانبرداری کریں، اللہ سے ڈریں اور اس کی نافرمانی سے بچیں۔''

سورۃ البنیۃ میں ہے:

﴿اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اُولٰٓئِكَ هُمْ خَيْرُ الْبَرِيَّةِ o جَزَآؤُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ جَنّٰتُ عَدْنٍ تَجْرِىْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا اَبَدًا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ ذٰلِكَ لِمَنْ خَشِيَ رَبَّهٗ o ﴾ [البينة: ۷،۸]

''جو ایمان لائے اور نیک عمل کیے، وہی بہترین مخلوق ہیں، ان کی جزا ان کے ربّ کے ہاں دائمی جنتیں ہیں، جن کے نیچے نہریں جاری ہیں، وہ ان میں ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے، اللہ

ان سے راضی اور وہ اللہ سے راضی، یہ سب کچھ اس کے لیے ہے جو اپنے ربّ سے ڈر گیا۔''

سورۃ التوبۃ میں ہے:

﴿اِنَّمَا یَعْمُرُ مَسٰجِدَ اللّٰهِ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَ الْیَوْمِ الْاٰخِرِ وَ اَقَامَ الصَّلٰوةَ وَ اٰتَی الزَّكٰوةَ وَ لَمْ یَخْشَ اِلَّا اللّٰهَ فَعَسٰۤی اُولٰٓئِكَ اَنْ یَّكُوْنُوْا مِنَ الْمُهْتَدِیْنَ ○﴾ [التوبة: ۱۸]

''اللہ کی مسجدیں وہ تعمیر کرتے ہیں جو اللہ اور آخرت پر ایمان رکھتے ہیں، نماز قائم کرتے اور زکوٰۃ دیتے ہیں، اور اللہ کے علاوہ کسی سے نہیں ڈرتے، یہ ایسے لوگ ہیں ہدایت یافتہ ہیں۔''

یہ اور اسی سے متعلق دیگر آیات سے اللہ کی خشیت کی ضرورت واہمیت واضح ہوتی ہے۔

۲: دوسری بات جو اس آیت سے نمایاں ہوتی ہے وہ یہ کہ یہ ''خشیت'' رحمان سے ہے، یہ جانتے ہوئے بھی کہ وہ بڑا مہربان ہے، تب بھی اللہ سے ڈرتا ہے، اس کی رحمانیت ورحیمیت کی امید پر بے خوف اور گناہوں پر جری نہیں ہوتا۔ ایمان، خوف ورجا کے مابین ہے، صرف خوف تو اس کے ڈانڈے خارجیت اور رہبانیت سے جا ملتے ہیں اور محض رجا تو اس کے ڈانڈے مرجئہ سے جا ملتے ہیں۔ صراطِ مستقیم دونوں کے مابین ہے۔

حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم جنہیں بارگاہِ عالیہ سے ''رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ'' کے اعزاز سے نوازا گیا، اور انہیں جنت کی بشارت دی گئی، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی ان پر اپنی رضا کا اظہار فرمایا، اور ان میں سے بعض کا نام لے کر جنت کی نوید سنائی۔ لیکن اس کے باوجود ان پر اللہ تعالیٰ کی خشیت اور خوف کا عالم یہ تھا کہ سیّدنا ابوبکر رضی اللہ عنہ، جنہیں دربارِ رسالت سے صدیق کا لقب ملا تھا، وہ روتے ہیں اور زبان کو پکڑ کر کھینچتے ہیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے جب یہ دیکھا تو کہا ٹھہریں اللہ تعالیٰ آپ کی بخشش فرمائے (یہ آپ کیا کر رہے ہیں؟) انہوں نے فرمایا:

اِنَّ هٰذَا اَوْرَدَنِی الْمَوَارِدَ . [موطا، ص: ۳۸۷]

''اس نے مجھے ہلاکت میں ڈال دیا ہے۔''

وہی ایک بار فرماتے ہیں:

وددت انی شعرة فی جنب عبد مؤمن .

[الزھد لاحمد]

''مجھے تو یہ پسند ہے کہ میں بندۂ مومن کا ایک بال ہوتا۔''

کبھی فرماتے: کاش میں درخت یا سبزہ ہوتا اور جانور اسے کھا لیتے، اور کبھی فرماتے: اے پرندے تمہیں مبارک ہو، کاش میں تجھ جیسا ہوتا، تو درختوں پر بیٹھتا ہے، پھل کھاتا ہے اور اُڑ جاتا ہے، تیرا کوئی حساب کتاب نہیں۔ [ابن ابی شیبہ]

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ سورۃ الطّور پڑھ رہے تھے۔ جب ﴿اِنَّ عَذَابَ رَبِّكَ لَوَاقِعٌ﴾ پر پہنچے تو رونے لگے اتنا روئے کہ شدتِ خوف سے بیمار پڑ گئے اور ساتھی ان کی عیادت کے لیے جاتے۔ ایک دفعہ زمین سے ایک تنکا اٹھایا اور فرمایا کیا اچھا ہوتا کہ میں یہ تنکا ہوتا! کاش میری ماں مجھے نہ جنتی۔ وفات کے وقت بیٹے عبداللہ سے فرمایا: میرا چہرہ زمین سے لگا دو شاید اللہ مجھے معاف فرما دے اگر میری بخشش نہ ہوئی تو میری ماں کے لیے ویل ہے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا امیر المومنین آپ نے بہت سے شہر بسائے ہیں اور آپ کی بدولت بہت سے علاقے مفتوح ہوئے ہیں، فرمایا: نہ ان خدمات کا صلہ ملے نہ ہی ان کے بارے میں باز پرس ہو، بس اللہ تعالیٰ مجھے معاف فرما دے۔

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ قبر پر کھڑے ہوتے تو اس قدر روتے کہ داڑھی تر ہو جاتی، حضرت ابوعبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ، جنہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس امت کا امین قرار دیا، فرمایا کرتے: کاش میں مینڈھا ہوتا میرے اہل خانہ مجھے ذبح کر کے میرا گوشت کھا لیتے اور میرا شوربا پی لیتے۔ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے: کاش میں درخت ہوتا اور مجھے کاٹ دیا جاتا۔ امام احمد رحمہ اللہ کی کتاب الزہد وغیرہ میں یہ اور اسی نوعیت کے دیگر صحابہ کرام کے بہت سے اقوال موجود ہیں۔ حافظ ابن قیم رحمہ اللہ نے الداء والدواء (ص:۵۳،۵۴) میں بھی ان اقوال کا ذکر کیا ہے۔ جس سے یہ بات نمایاں ہوتی ہے کہ اللہ تعالیٰ کی بشارتوں کے باوجود ان کے دلوں میں اللہ تعالیٰ کا خوف، قیامت کے روز جواب دہی کا احساس کس

قدر تھا۔

اللہ سبحانہ وتعالیٰ ﷻ اور اس کے رسول اللہ ﷺ کی طرف سے دی ہوئی بشارتوں سے بس امید کے سہارے زندگی نہیں گزاری، بلکہ زہد وتقویٰ، علم وعمل، اخلاص وللّٰہیت کی ایسی مثالیں قائم کیں جو قیامت تک امت کے لیے مینارۂ نور ہیں، مگر اس کے باوصف ان کے دل اللہ کی خشیت اور خوف سے معمور تھے۔ یہی سلامتی کی راہ ہے اور یہی کامیابی کی کلید ہے۔ عمل واطاعت اور تقویٰ وتزکیہ کے بغیر جنت کی امید مومن کا شیوہ نہیں، بلکہ مغضوب وضالین کا طریقہ ہے، جسے اللہ تعالیٰ نے ﴿تِلْكَ اَمَانِيُّهُمْ﴾ [البقرة] فرمایا ہے کہ یہ سب ان کی خواہشات ہیں۔ دنیا کی کون سی چیز ہے جو محض تمناؤں اور آرزوؤں کے سہارے حاصل ہوتی ہے، دنیا مردود کی جب یہ حیثیت ہے تو جنت جیسی قیمتی اور محبوب جگہ خالی امیدوں سے کیوں کر حاصل ہوگی۔ رسول اللہ ﷺ نے تو فرمایا:

مَنْ خَافَ اَدْلَجَ وَمَنْ اَدْلَجَ بَلَغَ الْمَنْزِلَ اِلَّا اَنَّ سِلْعَةَ اللّٰهِ غَالِيَةٌ اَلَا اِنَّ سِلْعَةَ اللّٰهِ الْجَنَّةُ .

''جو ڈر گیا وہ رات کو چل نکلا، اور جو رات کو چلا اس نے منزل کو پالیا، خبردار اللہ کا سامان بڑا مہنگا ہے، خبردار اللہ کا سامان جنت ہے۔'' [ترمذی: ٢٤٥٠]

لہٰذا اللہ تعالیٰ کی رحمانیت اور رحیمیت کی امید پر نہ بے عمل اور بے خوف ہونا چاہیے اور نہ ہی اس کی جباریت اور قہاریت سے ناامید ہونا چاہیے۔

۳: حافظ ابن کثیر رحمہ اللہ نے فرمایا ہے کہ آیت کا مفہوم یہ ہے کہ جو تنہائی میں اللہ سے ڈر گیا۔ حدیث میں جن خوش نصیبوں کے بارے میں آیا کہ وہ قیامت کے دن اللہ کے عرش کے سایہ میں ہوں گے ان میں ایک وہ ہے:

رَجُلٌ ذَكَرَ اللّٰهَ خَالِيًا فَفَاضَتْ عَيْنَاهُ .

[بخاری: ١٤٢٣]

''جس نے تنہائی میں اللہ کو یاد کیا تو اس کے آنسو بہہ نکلے۔''

گویا ''بالغیب'' مَنْ خَشِيَ سے متعلق ہے۔ علامہ راغب اصفہانی رحمہ اللہ نے بھی مفردات القرآن میں یہاں غیب سے خلوت وتنہائی ہی مراد لی ہے۔ جیسے بعض حضرات نے ﴿يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ﴾ کے معنی بھی یہی کیے ہیں کہ وہ تنہائیوں میں بھی ایمان لاتے ہیں۔ یعنی ان منافقوں کی طرح نہیں جو اپنے شیاطین سے ملتے ہیں تو کہتے ہیں ہم تمہارے ساتھ ہیں اور ہم پیروانِ محمد ﷺ سے تو ہنسی مذاق کرتے ہیں۔ [مفردات وغیرہ]

اسی طرح آیت ﴿اِنَّ الَّذِيْنَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَيْبِ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ كَبِيْرٌ﴾ [الملك: ١٢] کے معنی بھی امام ابن کثیر رحمہ اللہ نے یہی کیے ہیں کہ جو تنہائی میں اللہ سے ڈرتے ہیں ان کے لیے بخشش اور بڑا اجر ہے۔ نیز سورۃ الانبیاء میں جو متقین کے بارے میں آیا ہے۔

﴿ اَلَّذِيْنَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَيْبِ وَهُمْ مِّنَ السَّاعَةِ مُشْفِقُوْنَ ۝ ﴾ [الانبیاء: ٤٩]

اسے بھی اور اسی مفہوم کی دیگر آیات کو بھی اسی معنی میں لیتے ہیں۔ بہرحال مراد اللہ کو بن دیکھے یا تنہائیوں میں ہونا مراد ہو دونوں صورتوں میں اللہ سے ڈرنے والے یہاں مراد ہیں۔

﴿ بِقَلْبٍ مُّنِيْبٍ ﴾ یہ چوتھا وصف ہے۔ منیب، نوب سے ہے جس کے معنی ہیں کسی چیز کا بار بار لوٹ کر آنا۔ شہد کی مکھی کو بھی ''نوب'' اسی لیے کہتے ہیں کہ وہ اپنے چھتا کی طرف بار بار پلٹتی ہے۔ اسی سے انابۃ إلی اللہ ہے یعنی اخلاص سے اللہ کی طرف لوٹنا۔ گویا قلب منیب کی مثال قطب نما کی ہے وہ جہاں بھی پڑا ہو، اس کی سوئی ہمیشہ قطب ہی کی طرف رخ کرتی ہے، اسے الٹا سیدھا جیسے بھی ہلائیں اس کی سوئی قطب ہی کی طرف پلٹتی ہے۔ اسی طرح ﴿ بِقَلْبٍ مُّنِيْبٍ ﴾ سے ایسا دل مراد ہے جو ہر طرف سے رخ پھیر کر اللہ وحدہ لاشریک کی طرف پلٹ گیا ہو۔

پہلے جہنمیوں کے بارے میں ان کا ایک بڑا جرم یہ بیان ہوا ہے کہ انہوں نے اللہ کے علاوہ اور معبود بنا لیے، مگر ان کے مقابلے میں جنتیوں کے اوصاف میں ہے کہ وہ ہرجائی نہیں ہوتا، بلکہ صرف اللہ ہی کا

ہو کر رہ جاتا ہے۔ آسودگی ہو یا تنگدستی، صحت ہو یا بیماری، آسائش وآرام ہو یا پریشانی ومصیبت، بروبحر میں ہو یا فضاؤں میں، خوشی ہو یا غم ہر حال میں وہ اللہ ہی کی طرف رجوع کرتا ہے۔ علامہ رازی رحمہ اللہ نے فرمایا کہ قلب منیب، قلب سلیم کی مانند ہے، اور قلب سلیم وہ ہے جو شک اور شرک سے سالم ہے، جو شرک سے بچتا ہے، توحید خالص کو اختیار کرتا ہے اور اللہ کے ما سوا کو چھوڑ کر اللہ ہی کی طرف رجوع کرتا ہے وہ ﴿بِقَلْبٍ مُّنِيبٍ﴾ ہے۔ بلکہ حافظ ابن قیم رحمہ اللہ نے فرمایا ہے کہ قلب سلیم تب ہے جب پانچ چیزوں سے بچتا ہے:

(۱) شرک سے جو توحید کے متناقض ہے۔ (۲) بدعت سے جو سنت کے مخالف ہے۔ (۳) شہوت سے جو حکم وفرمانبرداری کے مخالف ہے۔ (۴) غفلت سے جو ذکر کے متناقض ہے۔ (۵) ہوا پرستی سے جو تجرید واخلاص کے منافی ہے۔ [الداء والدواء وغیرہ]

حضرت سعید بن مسیّب رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ مومن کا دل صحیح وسلیم اور منیب ہے جب کہ کافر ومنافق کا دل تو مریض ومریب ہے۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے اوصاف میں ہے کہ وہ ''منیب'' تھے۔ [هود: ٧٥] اور ان کا دل قلب سلیم تھا۔ [الصفت: ٨٤] یہ قرآن بھی ''عبد منیب'' کے لیے بصیرت ونصیحت ہے۔ [سبا: ٩، ص: ٨] اسی وصف سے رنگے ہوؤں کے بارے میں فرمایا:

﴿ وَالَّذِيْنَ اجْتَنَبُوا الطَّاغُوتَ اَنْ يَّعْبُدُوْهَا وَاَنَابُوْا اِلَى اللّٰهِ لَهُمُ الْبُشْرٰى ﴾ [الزمر: ١٧]

''اور وہ لوگ جنہوں نے طاغوت کی بندگی سے اجتناب کیا اور اللہ کی طرف رجوع کر لیا ان کے لیے خوشخبری ہے۔''

صرف مشکلات ومصائب میں اللہ کی طرف رجوع تو مشرکین عرب بھی کرتے تھے، اللہ تعالیٰ نے ہر حال اور ہر صورت میں اپنی ہی طرف رجوع کا حکم دیا اور اس وصف سے متصفین کو جنت کی بشارت دی۔ مزید (الشوریٰ:۱۰۹، ہو:۸۸، الروم۳۱،۳۳) ملاحظہ فرمائیں۔ گویا قلب منیب اور قلب سلیم وہ ہے جو شرک وشک، معصیت ونافرمانی، دھوکہ اور کینہ، حسد وبغض، تکبر وعناد اور مال وجاہ وغیرہ کی محبت سے صحیح وسالم ہے اور اگر نافرمانی ہو جائے تو جلد اللہ کی طرف رجوع کرنے والا ہے۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

يَدْخُلُ الْجَنَّةَ أَقْوَامٌ أَفْئِدَتُهُمْ مِثْلُ أَفْئِدَةِ الطَّيْرِ .

''جنت میں کچھ لوگ وہ جائیں گے جن کے دل پرندوں کے دل کی مانند ہوں گے۔'' [صحيح مسلم: ٧١٦٢]

امام قرطبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں اس کا مفہوم غالباً یہ ہے کہ جس طرح پرندوں کے دل گناہوں سے اور ہر قسم کے عیب سے پاک اور دنیاوی معاملات سے بے نیاز وبے خبر ہوتے ہیں اسی طرح اہل جنت کچھ ایسے ہوں گے جو تمام آلودگیوں سے پاک اور دنیاوی جھمیلوں سے صاف ہوں گے، اصل معاملہ اسی دل کا ہے، جسد اور جسم سنوارنے سے دل نہیں سنورتا۔ نہ اللہ تعالیٰ کسی کی شکل وصورت کو دیکھتا ہے۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

إِنَّ اللّٰهَ لَا يَنْظُرُ إِلٰى صُوَرِكُمْ وَأَمْوَالِكُمْ وَلٰكِنْ إِنَّمَا يَنْظُرُ إِلٰى قُلُوْبِكُمْ وَأَعْمَالِكُمْ .

''اللہ تعالیٰ تمہاری صورتوں اور مالوں کو نہیں دیکھتے، بلکہ وہ تو تمہارے دلوں اور اعمال کو دیکھتے ہیں۔'' [مسلم: ٦٥٤٣]

کہ اس کا دل کیسا؟ سینہ کی پلیٹ میں کیا سجا کے لایا ہے؟ اور اعمال میں اخلاص کیسا ہے؟ اسی دل کے بارے میں فرمایا:

إِنَّ فِي الْجَسَدِ مُضْغَةً إِذَا صَلُحَتْ صَلُحَ الْجَسَدُ كُلُّهُ وَإِذَا فَسَدَتْ فَسَدَ الْجَسَدُ كُلُّهُ أَلَا وَهِيَ الْقَلْبُ . [بخاری: ٥٢]

''جسم میں ایک ٹکڑا ہے اگر وہ صحیح تو سارا جسم صحیح اور اگر وہ بگڑ جائے تو سارا جسم بگڑ جاتا ہے۔ خبردار! وہ دل ہے۔''

دل اگر مال وزر کی ہوس میں پھنسا ہوا ہے تو اس کا نتیجہ کساد بازاری، دھوکہ، فریب، دغا، ملاوٹ اور ماپ تول میں کمی بیشی کی صورت میں نکلتا ہے اور حرام وحلال کی تمیز ختم ہو جاتی ہے۔ دل اگر اقتدار اور جاہ وجلال میں پھنسا ہوا ہے، تو وہ انسان کو فرعون اور متکبر بنا

دیتا ہے اور انسان درندوں سے بھی زیادہ وحشی اور خونخوار بن جاتا ہے، دل اگر ہوس پرستی کا شکار ہے تو انسان کو بے غیرت اور بے حیا بنا دیتا ہے اور اس کا اخلاق تباہ ہو جاتا ہے۔

یوں سمجھئے کہ جسم انسانی میں دل کی مثال بادشاہ کی ہے اور جسم کے اعضاء وجوارح اس کی رعایا اور لشکر ہیں، اگر بادشاہ نیک اور صالح ہے تو رعایا بھی نیک ہوگی اور اگر بادشاہ کا عمل وکردار درست نہیں تو رعایا بھی درست نہیں ہوگی۔ مشہور ضرب المثل ہے اَلنَّاسُ عَلٰی دِیْنِ مُلُوْکِھِمْ ۔لوگ اپنے بادشاہ کے دین پر ہوتے ہیں۔ مؤرخین نے لکھا ہے کہ حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ کے دورِ خلافت میں یہ بڑی تبدیلی آئی کہ مجلسوں میں لوگوں کا موضوع ذکر وتذکیر، علم ونوافل اور طاعات بن گیا۔ جہاں بھی چار آدمی بیٹھتے تو ایک دوسرے سے پوچھتے رات کو تمہارا پڑھنے کا کیا معمول ہے؟ تم نے کتنا قرآنِ مجید یاد کیا، تم قرآنِ مجید کب ختم کرو گے اور کب ختم کیا تھا، مہینے میں کتنے روزے رکھے تھے۔

جب کہ ولید کے زمانے میں لوگ جمع ہوتے تو عمارتوں اور طرزِ تعمیر کی گفتگو ہوتی، اس لیے کہ ولید کا یہ ذوق تھا۔ سلیمان کھانوں کا بڑا شائق تھا اس کے زمانے میں مجلسوں کا یہی موضوع ہوتا تھا۔ [طبری] مدائن جب فتح ہوا اور مالِ غنیمت مسلمانوں کے ہاتھ آیا، جس میں کسریٰ کا تاج بھی تھا، تو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم یہ مالِ غنیمت دیکھ کر حیران اور ششدر ہو کر رہ گئے، اس کی بڑی دلچسپ تفصیل البدایہ وغیرہ میں موجود ہے۔ حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ نے اس مال کا خمس جب مدینہ طیبہ بھیجا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ اسے دیکھ کر حیران رہ گئے، اور فرمایا لوگوں نے امانت کا حق ادا کیا ہے، حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: امیر المومنین آپ عفیف ہیں تو آپ کی رعایا بھی عفیف ہے۔ اگر آپ مال ہضم کر جانے والے ہوتے تو آپ کی رعایا بھی ایسی ہوتی۔

[البدایہ، ج: ٧، ص: ٦٧]

بادشاہ کے دل کی درستی ہی انسان کی، بلکہ پورے معاشرے کی اصلاح وفلاح کا باعث ہے۔ انسانوں کی بھلائی کے لیے کتنے ہی انتظام کر لیے جائیں جب تلک دلوں کی اصلاح نہیں ہوگی، ماحول کی درستی اور اصلاح نہیں ہوگی۔ ناسور کو اوپر سے آپ لاکھ مرہم پٹی کریں وہ درست نہیں ہوگا اور مریض شفایاب نہیں ہوگا، ہمارے ماحول کا ناسور بھی دلوں کی خرابی کے باعث ہے، جب تک اس کی چارہ گری نہیں ہوگی حالات نہیں سنوریں گے۔ جس طرح رسول اللہ ﷺ نے علیم اللسان کو منافق قرار دیا۔[السلسلة الصحیحة: ١٠١٣]

اسی طرح زبان سے میٹھے میٹھے بول بولنے والے منافقوں کے بارے میں فرمایا کہ

اَلْسِنَتُھُمْ اَحْلٰی مِنَ السُّکْرِ وَقُلُوْبُھُمْ قُلُوْبُ الذِّیَابِ . [ترمذی: ٢٤٠٤]

''ان کی زبانیں شہد سے زیادہ میٹھی مگر دل بھیڑئے کے ہیں یعنی انسانی شکل وصورت میں وہ گویا درندے ہیں۔''

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

لَا یَسْتَقِیْمُ إِیْمَانُ عَبْدٍ حَتّٰی یَسْتَقِیْمَ قَلْبُهٗ ، وَلَا یَسْتَقِیْمُ قَلْبُهٗ حَتّٰی یَسْتَقِیْمَ لِسَانُهٗ وَلَا یَدْخُلُ الْجَنَّةَ حَتّٰی یَأْمَنَ جَارُهٗ بِوَائِقَهٗ . [احمد: ١٣٠٧٩]

''کسی بندے کا ایمان اس وقت تک صحیح نہیں جب تک اس کا دل صحیح نہ ہو، اور اس کا دل اس وقت تک درست نہیں جب تک اس کی زبان درست نہ ہو، اور جب تک اس کا پڑوسی اس کی ایذا سے محفوظ نہیں وہ جنت میں نہیں جائے گا۔''

یعنی دل اگر درست ہے تو اس کے اثرات زبان اور اعضاء پر نمایاں ہونے چاہئیں، کیوں کہ زبان دل کی ترجمان ہے۔ اس کا تقاضا ہے کہ پڑوسی بھی اس کی ایذا رسانی سے محفوظ رہے، اگر عمل وکردار نہیں بدلا تو سمجھئے دل کا روگ ابھی درست نہیں ہوا، دل کی اسی اہمیت کی بنا پر دل کی درستی اور اس کی استقامت کی اور اس کے زیغ وضلالت محفوظ رہنے کی دعائیں سکھائی گئی ہیں۔

چناں چہ اللہ تعالیٰ نے حق پرستوں کی یہ دعا ذکر کی ہے:

﴿ رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ ھَدَیْتَنَا وَ ھَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْکَ

رَحْمَةً اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ۝ ﴾ [آل عمران: ۸]
''اے ہمارے ربّ! ہدایت دینے کے بعد ہمارے دلوں کو نہ پھیر، اور اپنی رحمت ہمیں عطا فرما بے شک تو بڑا دینے والا ہے۔''
حضرت امّ سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہ دعا کیا کرتے تھے: يَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ ثَبِّتْ قَلْبِیْ عَلٰی دِيْنِكَ
''اے دلوں کو پھیرنے والے! میرے دل کو اپنے دین پر ثابت رکھ۔''
آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا گیا کہ آپ یہ دعا کیوں پڑھتے ہیں تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کوئی دل ایسا نہیں جو اللہ تعالیٰ کی انگلیوں میں سے دو انگلیوں کے درمیان نہ ہو، وہ جب چاہتے ہیں اسے حق پر قائم رکھتے ہیں اور جب چاہتے ہیں اسے حق سے پھیر دیتے ہیں۔ [ابن کثیر، ج:۱،ص:۱۶۴]
حافظ ابن رجب رحمہ اللہ نے فرمایا ہے کہ لا یستقیم ایمان عبد میں ''ایمان'' سے مراد اعمال ہیں۔ [جامع العلوم والحکم، ص: ۶۵] قرآنِ مجید میں بھی ''ایمان'' کا اطلاق عمل پر ہوا ہے، چناں چہ تحویل قبلہ کے موقع پر سوال اٹھا کہ جو حضرات بیت المقدس کی طرف منہ کر کے نمازیں پڑھتے رہے اور اسی دوران میں فوت ہو گئے ان کی نمازیں کیا ہوئیں، جس پر اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے ارشاد فرمایا:
﴿ وما كان الله ليضيع ايمانكم ﴾
''اللہ تمہارے ایمان کو ضائع نہیں کرے گا۔''
[بخاری: ۴۰، ۴۴۸۶ وغیرہ]
لیکن یہاں ''ایمان'' سے ایمانِ قلبی مراد لینا بھی درست ہے۔ منافق ایمان کا اظہار زبان سے کرتے تھے اور کہتے تھے:
﴿ نَشْهَدُ اِنَّكَ لَرَسُوْلُ اللّٰهِ ﴾ [المنافقون: ۱]
''کہ ہم گواہی دیتے ہیں کہ آپ اللہ کے رسول ہیں۔'' مگر اللہ تعالیٰ نے فرمایا یہ جھوٹ بولتے ہیں ان کا یہ زبانی اقرار معتبر نہیں۔ ان مدعیانِ ایمان نے مسجد بنائی تو اللہ تعالیٰ نے اسے ''مسجد ضرار'' قرار دیا۔ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ ایک موقع پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:
يَا مَعْشَرَ مَنْ أَسْلَمَ بِلِسَانِهٖ وَلَمْ يُفْضِ الْإِيْمَانَ إِلٰى قَلْبِهٖ. [ترمذی: ۲۰۳۲]
''وہ جماعت جو زبان سے اسلام لائی مگر ان کے دلوں تک ایمان نہیں پہنچا۔''
اسی معنی میں اللہ تعالیٰ نے بھی فرمایا:
﴿ قَالَتِ الْاَعْرَابُ اٰمَنَّا قُلْ لَّمْ تُؤْمِنُوْا وَلٰكِنْ قُوْلُوْۤا اَسْلَمْنَا وَلَمَّا يَدْخُلِ الْاِيْمَانُ فِيْ قُلُوْبِكُمْ ﴾
''یہ بدوی کہتے ہیں ہم ایمان لائے، ان سے کہو تم ایمان نہیں لائے، بلکہ یوں کہو کہ ہم مسلمان ہوئے ایمان ابھی تمہارے دلوں میں داخل نہیں ہوا۔'' [الحجرات: ۱۴]
مقصد یہ کہ زبان سے ایمان کا اظہار کافی نہیں، جب تک دل کی گہرائیوں سے اس حقیقت کا اعتراف نہ کیا جائے اور اس کے مقتضیات کا اہتمام نہ کیا جائے۔ اس کے مقابلے میں جن کے دل ایمان سے معمور اور مطمئن ہیں ان کی زبان سے اوّلاً تو کوئی کلمہ ایمان کے منافی نکلتا ہی نہیں، خواہ کتنے ہی طوفان اٹھیں اور مصائب وآلام کی بھٹیوں میں انہیں جھونک دیا جائے، لیکن اگر کبھی بالجبر ایسا کوئی کلمہ نکل جاتا ہے تو وہ اللہ تعالیٰ کے ہاں باعث ملامت نہیں ٹھہرتا۔ چناں چہ ارشاد فرمایا:
﴿ مَنْ كَفَرَ بِاللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ اِيْمَانِهٖۤ اِلَّا مَنْ اُكْرِهَ وَقَلْبُهٗ مُطْمَئِنٌّۢ بِالْاِيْمَانِ ﴾ [النحل: ۱۰۶]
''جو ایمان لانے کے بعد کفر کرے (وہ اگر) مجبور کیا گیا ہو اور دل اس کا ایمان پر مطمئن ہو (تب تو خیر ہے۔)''
اس لیے دل میں ایمان ہے تو اس کے ایمان کا اظہار واعلان درست ہے۔ اور اس کی زبان سے بالاکراہ کلمۂ کفر اس کے ایمان کے منافی نہیں، لیکن اگر دل میں ہی ایمان جاگزیں نہیں تو محض زبان سے اس کا اقرار قابل اعتبار نہیں، اسی تناظر میں فرمایا گیا ہے کہ لا یستقیم إیمان عبد حتی یستقیم قلبه اللہ تعالیٰ ہمارے دلوں میں ایمان کی بہار لگا دے، اس پر استقامت بخشے اور اسی پر موت نصیب فرمائے، آمین یاربّ العالمین۔

درسِ حدیث

توفیق الباری

"الادب المفرد" للبخاری کا اردو ترجمہ مع تشریحات وفوائد

از حضرت نواب سید صدیق حسن خان صاحب رحمہ اللہ
تسہیل: حافظ محمد اشرف سعید (نیوکرول شالامار باغ۔لاہور)

باب: ما یکرہ من التمنی

ناپسندیدہ تمنائیں

۸۱۷ . عن أبی هریرةَ أنّ رسولَ اللّٰهِ ﷺ قالَ: ((إِذَا تَمَنّٰى أَحَدُكُمْ فَلْيَنْظُرْ مَا يَتَمَنّٰى، فإنّه لا يَدْرِيْ مَا يُعْطٰى .))

''حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مرفوع روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جب تم میں سے کوئی شخص تمنا کرے تو یہ دیکھ لے کہ وہ کیا تمنا کر رہا ہے کیوں کہ وہ نہیں جانتا کہ اس کو کیا دیا جائے گا۔''

فائدہ: حدیث دلیل ہے اس پر کہ تمنا صالح کرے غیر صالح نہ کرے شاید وہ آرزو قبول ہو اگر بہتر تمنا نہ تھی تو وہ قبول وبال ہو جائے گا۔

باب: لا تسموا العنب الکرم

انگور کو کرم نہ کہو

۸۱۸ . عن عَلْقَمَةَ بنْ وائلٍ، عن النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: ((لا يَقُوْلَنَّ أَحَدُكُمْ: الكَرْم، وَقُولُوْا: الحَبَلَةَ .)) ـ يعني: العنب ـ [صحیح مسلم: ٤٠]

''حضرت علقمہ بن وائل اپنے باپ سے مرفوع روایت بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا تم میں سے کوئی ہرگز انگور کو کرم نہ کہے بلکہ حبلہ کہو یعنی عنب۔''

باب: قول الرجل: ویحك

کسی کا کسی کو ویحک کہنا

۸۱۹ . عن أبی هریرة، مَرَّ النَّبِيُّ ﷺ برجلٍ يَسُوقُ بَدَنَةً، فَقَالَ: ((ارْكَبْهَا)) فَقالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ إِنَّهَا بَدَنَةٌ، فَقَالَ: ((ارْكَبْهَا)) قَالَ: إِنّهَا بَدَنَةٌ، قالَ فِي الثّالثةِ أو في الرّابعةِ: ((وَيْحَكَ ارْكَبْهَا)) .

''حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ ایک آدمی کے پاس سے گزرے جو اپنے قربانی کے اونٹ کو ہانک کر لے جا رہا تھا تو رسول اللہ ﷺ نے اس کو فرمایا اس پر سوار ہو جا وہ کہنے لگا یہ قربانی کا اونٹ ہے۔ آپ ﷺ نے پھر فرمایا اس پر سوار ہو جا اس نے (پھر) کہا یہ قربانی کا اونٹ ہے۔ آپ ﷺ نے تیری یا چوتھی بار فرمایا تجھے افسوس ہو اس پر سوار ہو جا۔ یہ حدیث ۲۷۷ پر گزر چکی ہے اس میں ویلک کا لفظ ہے اس حدیث میں ویحک ہے۔'' [صحیح البخاری]

باب: قول الرجل یا ہنتاہ

کسی کا یاھنتاہ کہنا

۸۲۰ . عَنْ أُمَّةِ حَمْنَةَ بنت جحش، قالتْ: قَالَ النَّبِيُّ ﷺ ((مَا هِيَ؟ يَا هَنْتَاهُ)) . [ضعیف]

''حمنہ بنت جحش رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ما ھی یاھنتاء یہ کیا ہے؟''

۸۲۱ . عن حبیب بن صهبان الأسديّ: رأيت عماراً صلَّ المكتوبة ثم قال لرجل إلى جنبه: يا هَنَاهُ! ثم قام . [صحيح الإسناد]

''حبیب بن صہبان اسدی بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت عمار کو دیکھا کہ انہوں نے فرض نماز پڑھی اس کے بعد اپنے پہلو میں ایک آدمی سے کہا تھوڑا ہٹو، پھر کھڑے ہو گئے۔''

فائدہ: ہنتاء کا لفظ مسلم میں ام مسطح کے کلام حدیث الافک میں آیا ہے۔

مواعظ وعبر

جانی اور مالی صدمات پر چند تعزیتی کلمات

پروفیسر عبدالحکیم سیف

غم واندوہ میں ڈوبے ہوئے ایک عزیز کے لیے مرقوم تحریر جو افادۂ عام کے لیے پیش خدمت ہے ان حوادث ومصائب کے بارے لوگوں کے لیے جن کو مایوسی اور شدید کرب والم سے نجات پانے میں یہ تحریر مفید ثابت ہوگی، ان شاء اللہ العزیز۔ یہ ان کے لیے حوصلہ، تسلی، طمانیت اور ڈھارس کا باعث ہوگی۔

کسی بھی صدمہ ونقصان میں مبتلا شخص کے لیے، جو اللہ تعالیٰ کا فرماں بردار سچا مسلمان ہے، دو باتیں حوصلہ، تسلی وتسکین کا سب سے بڑا ذریعہ ہیں۔ ایک یہ کہ ہمارا جس طرح اللہ تعالیٰ، اس کے رسولوں، کتابوں، فرشتوں پر ایمان ہے اسی طرح آخرت اور تقدیر پر بھی ایمان ہے، اس کے بغیر ایک مسلمان کا ایمان کامل نہیں ہوسکتا۔ ہمارا ایمان ہے کہ ہمارے مقدر میں جو لکھا ہے وہ ہو کر رہتا ہے۔ موت کو ہی لے لیجیے کہ وہ نہ وقت سے پہلے آ سکتی ہے اور نہ وقت آنے پر ٹل سکتی ہے۔ قرآنِ حکیم نے اسے ان الفاظ میں بیان کیا ہے ''کہ جب وقت مقررہ موت کا آ جاتا ہے تو وہ نہ تو وقت سے پہلے آتا ہے نہ وہ ٹل سکتا ہے۔ ایک سچا مسلمان اللہ کی طرف سے رحمتوں اور برکتوں کا مژدہ سنایا گیا ہے، فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کی مدد وحمایت ومعیت صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے۔ صبر کرنے والوں کے لیے یہ عظیم تمغہ ہے، حدیث شریف میں ہے کہ کسی نقصان یا صدمہ پر یہ کہنا بھی ناجائز اور عبث ہے کہ اگر میں اس طرح کر لیتا تو شاید اس طرح نہ ہوتا۔ یہ اگر مگر بھی اللہ تعالیٰ کے فیصلے پر نکتہ چینی کے مترادف ہے۔ بلکہ صحیح بات تو یہ ہے کہ ایک سچے مسلمان کے ایمان کا اندازہ ہی دو موقعوں پر ہوتا ہے کہ وہ صدمہ کے وقت کس قدر صبر اختیار کرتا ہے اور خوشی ومسرت کے موقع پر کس قدر شاکر واحسان مند ہوتا ہے، جب کہ کافر ومنافق شخص کسی بھی حادثہ پر مایوسی کا شکار ہو کر جزع وفزع کرتا نظر آتا ہے اور مسرت وخوشی پر آپے سے باہر ہو کر فخر ومباہات میں مبتلا ہو جاتا ہے۔

دوسری بات حوصلہ وتسکین کے لیے یہ ہے کہ مسلمان کو چھوٹے سے چھوٹے نقصان پر بھی جزا اور اجر حاصل ہوتا ہے۔ حدیث مبارک ہے کہ کانٹے کے چبھنے پر بھی ایک مسلمان کے گناہ معاف ہوتے ہیں اور اجر وجزا حاصل ہوتی ہے جس قدر نقصان اور صدمہ زیادہ بڑا ہوگا اسی قدر اجر وثواب بھی زیادہ حاصل ہوتا ہے اور گناہوں کی تلافی ہوتی ہے۔

انبیائے کرام اور صحابہ کرام کی مثال ہمارے سامنے ہے کہ ان کی زندگیوں میں بیسیوں، سینکڑوں مصائب وآلام وحوادث پیش آئے اور انہوں نے صبر وحوصلہ کے ساتھ ان کو برداشت کیا ان کے لیے یہ مصائب وآلام ان کے درجات کی بلندی کا سامان بنتے ہیں۔

حدیث میں آتا ہے حضرت نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا جس قدر مجھے دکھ پہنچائے گئے اور جن مصائب کا مجھے سامنا کرنا پڑا اس قدر مجھ سے پہلے کسی پیغمبر کو پیش نہ آئے، فلسفہ یہ ہے کہ امت مسلمہ کے افراد کو ان واقعات سے درس دینا مقصود ہے کہ وہ بھی ان عظیم کرداروں پر نظر رکھیں اور ان کے کردار کو اپنی عملی زندگی میں اختیار کریں۔

مقامِ غور ہے کہ حضور اکرم ﷺ کی بیٹیاں تو جوان ہو کر بیاہی گئیں مگر تین بیٹے جو اللہ تعالیٰ نے عطا کیے وہ نوعمری میں ہی اللہ کو پیارے ہو گئے ان میں سے ایک ابراہیم تھے جن کے بارے میں مذکور ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے ان کی موت پر ان کو اپنے ہاتھوں میں لے کر آسمان کی طرف منہ کر کے کہا ''میری آنکھیں آنسو بہا رہی ہیں اور دل پارہ پارہ ہے مگر میں زبان سے کوئی حرف شکوہ ادا نہیں کروں گا، اے ابراہیم تیری جدائی کا مجھے بہت دکھ ہے۔''

فرمانِ نبوی ﷺ ہے دوطرح سے غم کا اظہار فطری اور جائز ہے دل پر چوٹ لگنے سے چہرے پرغم اور دکھ کے آثار اور آنکھوں سے آنسو، مگر دوطرح سے غم ممنوع وناجائز ہے کہ زبان پر حرف شکایت لا کر بلند آواز میں نالہ وشیون کرے یا پھر ہاتھوں سے اپنے آپ کو مارنا پیٹنا شروع کردے، اسی طرح صدمہ موت پر تین دن سے زیادہ اظہارغم ممنوع قرار دیا گیا۔

قابل توجہ بات ہے کہ دنیا میں محروم وتہی دست لوگوں اورغم کے ماروں کو آخرت میں اجرعظیم سے نوازا جائے گا اور بعض لوگ محض دنیا کے دکھوں کی بناپر مغفرت ونجات اخروی حاصل کریں گے، حدیث میں ہے کہ ایک شخص بے اولاد، بیمار یا افلاس وغربت کا شکار تھا وہ اللہ تعالیٰ سے اپنی حاجت طلب کرتا رہا اور مایوسی کے بجائے اللہ کی رحمت کا امیدوار بن کر دعائیں کرتا رہا۔ یہاں تک کہ اسے موت آ گئی تو اللہ تعالیٰ ان سینکڑوں اور ہزاروں دعاؤں کو نیکیوں سے بدل کر ان کو نیکی کے ترازو میں ڈال دے گا اور اسی طرح اس کی نیکیاں وزنی ہوجائیں گی اوران کو جنت کا داخلہ نصیب ہوگا۔

ایک نابینا شخص اللہ تعالیٰ کے حضور پیش ہوگا۔ ربّ کریم اُسے محض نابینا ہونے کی بنا پر بے حساب جنت کا داخلہ نصیب فرمائے گا۔ یہ بھی حدیث میں ہے کہ غرباء ومساکین کو امراء وخوش حال لوگوں سے پانچ سوسال پہلے جنت کا داخلہ حاصل ہوگا اور دنیا میں عیش وعشرت میں مبتلا مگر نیک لوگ پانچ سو سال تک جنت کے سامنے خیموں میں وقت گزاریں گے اور جنتیوں کو مزے لوٹتے ہوئے اسی طرح دیکھیں گے جس طرح دنیا میں غرباء ان کو دیکھ کر حسرت وافسوس کا شکار رہے تھے۔

